پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

07 ستمبر، 2018

آر بی آئی نے ''کونارک اربن کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، تھانے، مہاراشٹر'' پر جرمانہ عائد کیا

ریزرو بینک آف انڈیا نے ''کونارک اربن کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، تھانے، مہاراشٹر'' پر پانچ لاکھ روپیہ (Rs.500,000/-) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ اس بینک پر یہ جرمانہ آر بی آئی نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 47-A(I) جس کو سیکشن 46(4) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے (جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو ہے) میں حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ریزرو بینک کی ڈائریکٹرس کو قرض دینے سے متعلق ہدایات/ رہنما خطوط کی خلاف ورزی کرنے کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

ریزرو بینک نے اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا اس کے جواب میں بینک نے ایک تحریری جواب نامہ داخل کیا اور اُس پر ذاتی سماعت میں بھی وضاحت کی۔ معاملہ کی نوعیت اور حقیقت وا ُس معاملے میں بینک کے جواب نامہ پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو ہوئی ہیں اور جرمانہ عائد کر دیا۔

انیرودھا ڈی جادھو
اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز 577/2018-2019